حضرت مولانا قاضی عبدالکریم صاحب مدظلہ کلاچی

فریاد ہے اے کشتیٔ امّت کے نگہبان

تحریک عمل برائے نفاذِ شریعت ایک تبلیغی، اصلاحی اور اشاعتِ احکامِ اسلام و علمِ دین کا مثبت کام کرنے والی ایک جماعت ہے۔ شیخ التفسیر حضرت العلامہ مولانا قاضی عبدالکریم صاحب مدظلہ العالی اس کے بانی و موسّس اور صدر ہیں ذیل کا مضمون ان کی وقیع تحریر ہے جو جماعت کے سالِ چہارم کے افتتاحی پیغام کے عنوان سے موصول ہوئی ہے نافعیتِ عام کے پیشِ نظر نذرِ قارئین ہے۔ (ادارہ)

ملک اس وقت جس بحران سے گذر رہا ہے حقیقت یہ ہے کہ۔

ع بیڑا یہ تباہی کے قریب آن لگا ہے۔

سب کو آنکھوں سے نظر آرہا ہے کہ نہ کسی کی جان محفوظ ہے نہ مال نہ آل اولاد محفوظ ہے اور نہ ہی عزت و آبرو فحاشی عریانی اور بے حیائی کا دور دورہ ہے جھوٹ بولتے اور لوٹ کھسوٹ کرنے سے کوئی شرماتا نہیں دھوکہ دینے اور فریب کاری پر فخر کیا جاتا ہے کفر ناچ رہا ہے اور واضح طور پر اسلامی احکام کو بیان کرتے سے عوام تو کیا علماء اور مشائخ اور قائدین اسلام تک شرمانے لگے ہیں غرض نہ دین محفوظ ہے نہ دنیا اسلامی نظام کا خواب پریشان ہونے لگا ہے اور پاک کشتی بھنور میں ہچکولے کھا رہی ہے۔ ہر دردمند مسلمان کا دل تڑپ تڑپ کر کہہ رہا ہے۔

ے فریاد ہے اے کشتیٔ امّت کے نگہبان
بیڑا یہ تباہی کے قریب آن لگا ہے

ایسا کیوں؟ صرف اور صرف اس لیے کہ خدا ناراض ہے خدا روٹھ گیا ہے کیونکہ اس کا قرآن اور اس کے محبوب کی سنت اور فرمان زیر دست ہیں اور خاکی زاد انسانوں کی اسمبلی کا حکم اور فیصلہ بالادست، پاک ملک کی بااختیار مقننہ جس کا فرض احکام خداوندی اور قوانین اسلامیہ شریعت محمدیہؐ کا نفاذ ہے اس